ilmkidunya

Tarjuma-Tul-Quran-ul-Majeed - 10th Class Tarjmatul Quran Urdu Medium Chapter 14 Preparation

Q1. سورۃ الروم کا خلاصہ تحریر کریں-

Ans 1: سورۃ الروم کا آغاز اس پیش گوئی سے ہوتا ہے جو ایک معجزہ ثابت ہوئی اور قرآن مجید کی صداقت کی دلیل بنی. اس پیش گوئی کا پورا ہونا مسلمانوں کے لیے بہت خوشی اور حوصلہ افزائی کی بات تھی. سورۃ الروم میں قیامت اور توحید باری تعالی کےدلائل دیے گئے ہیں- شرک کی مذمت کی گئی ہے- اللہ تعالی اور بندوں کے حقوق بیان کئے گئے ہیں- انسانی زندگی کے مختلف مراحل اور اسلام کے دین فطرت ہونے کا تذکرہ کیا گیاہے. سورۃ الروم کا خلاصہ "اسلام کی صداقت کا بیان اور انسانوں کی کردار سازی" ہے.

Q2. اللہ تعالی نے زمین پر پہاڑ کیوں بنائے

Ans 1: اللہ تعالی نے زمین پر پہاڑ اس لیے بنائے ہیں کہ کہ زمین ہنے نہ پائے . اللہ نے پہاڑوں کو زمین میں میخوں کی طرح گاڑ دیا.

Q3. سورہ الصفت کون سی سورت ہے

Ans 1: سورہ الصفت مکی سورت ہے.

Q4. حضرت داؤد علیہ السلام اپنے ہاتھوں سے کیا بناتے تھے

Ans 1: حضرت داؤد علیہ السلام اپنے ہاتھوں سے لوہے کی زرہیں اور زنجیریں بناتے تھے

Q5. وان اعمل صالحا ترضہ و اصلح لی فی زریتی. کا ترجمہ کریں

Ans 1: اور یہ میں ایسے نیک عمل کروں جن سے تو راضی ہوجائے اور میرے لیے میری اولاد کونیک بنادے.

Q6. سورہ الروم میں کن عقائد کے دلائل دئے گئے ہیں.

Ans 1: سورہ الروم میں قیامت اور توحید باری تعالی کے دلائل دئے گئے ہیں

Q7. ترجمہ کریں- رب اوزعنی ان اشکر نعمتک التی انعمت علی و علیٰ والدی.

Ans 1: اے میرے رہے! مجھے توفیق دے کہ میں تیری اس نعمت کا شکر ادا کروں جس سے تونے مجھے اور میرے والدین کو نوازا

Q8. حضرت نوح علیہ السلام کتنے سال اپنی قوم میں رہے.

Ans 1: حضرت نوح علیہ السلام 950 سال اپنی قوم میں رہے اور سیدھے راستے کی طرف بلاتے رہے.

Q9. سورہ الفاطر کے مطابق اللہ تعالی کا عذاب کن پر ہے.

Ans 1: سورہ الفاطر کے مطابق شرک کرنے اور سازشیں کرنے والوں پر اللہ تعالی کا عذاب نازل ہوتا ہے.

Q10. کس عمل کی کوئی دلیل نہیں

Ans 1: شرک کی کوئی دلیل نہیں.